**Hall Ticket Number**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |

**Q.B. No.** 100257

**Booklet Code : A**

**Marks : 100**

# JL-422-URD

**Time : 120 Minutes**

**Paper-III**

**Signature of the Candidate**

**Signature of the Invigilator**

## طلباء کے لئے ہدایات
## (جواب دینے سے پہلے ہدایات کو غور سے پڑھیں)

1. علیحدہ آپٹیکل مارک ریڈر (OMR) جوابی شیٹ سوالی پرچے کے ساتھ ہی دی جائیگی۔ درکار مواد اور جوابات کے لئے برائے مہربانی OMR جوابی شیٹ پر موجود ہدایات کو غور سے پڑھیں۔
2. طلباء اس بات کا تعین کرلیں کہ OMR جوابی شیٹ پر پرنٹ شدہ بک لیٹ کوڈ اور دی گئی بک لیٹ وہی ہے یا نہیں۔
3. سوالی پرچے کی پیپر سیل کو پھاڑنے کے فوری بعد اسکو چیک کریں کہ *(i)* ہر صفحہ پر وہی بک لیٹ کوڈ (A/B/C/D) ہے یا نہیں۔ *(ii)* (1-100) سلسلہ وار سوالات *(iii)* صفحوں کی تعداد *(iv)* صحیح پرنٹنگ۔ اگر کسی قسم کا نقص ہو تو امتحان شروع ہونے کے پانچ منٹ کے اندر ممتحن کو اطلاع کریں وہی کوڈ والی بک لیٹ سے بدلنے کو کہیں۔
4. الیکٹرانک اشیاء جیسے سیل فون، کیلکیولیٹر، گھڑیاں اور میتھ میٹیکل / لاگ جدول وغیرہ کو امتحان ہال میں لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔
5. **ہر غلط جواب کے لئے 1/4 منفی نشان ہے۔** اگر سوال کا جواب دیئے بغیر خالی چھوڑ دیا جائے تو اس سوال کے لئے کسی قسم کا منفی نشان نہیں ہوگا۔
6. جوابی شیٹ میں صحیح رموزوں جواب (1)، (2)، (3) یا (4) کے دائرے کو گہرا کرنے کے لئے بلو ربلیک بال پوائنٹ کو استعمال کریں۔ اگر ایک سوال کے لئے ایک سے زائد دائرے کو گہرا کریں تو وہ غیر درست ہو جائیگا اسکو غلط جواب تصور کیا جائیگا۔
7. جواب کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا ہے۔
8. رف ورک بک لیٹ میں فراہم کی گئی جگہ پر ہی کریں۔
9. امتحان ہال سے باہر جانے سے پہلے کوئچن پیپر بک لیٹ اور OMR جوابی شیٹ ممتحن کو واپس دیں۔ کوئچن پیپر اور جوابی OMR شیٹ کو واپس نہ کرنا مجرمانہ عمل تصور کیا جائیگا۔

This Booklet consists of **13** Pages for **100** Questions **+2** pages of Rough Work
**+1** Title Page i.e. Total **16** pages

1. ''پریم کی کہانی'' کس کی نظم ہے؟

(1) نظیر اکبرآبادی　　(2) قلی قطب شاہ

(3) ولی　　(4) حالی

2. ''نورالمعرفت'' کی تصنیف ہے؟

(1) میر　　(2) اقبال

(3) سرسید　　(4) ولی

3. میر انیس کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(1) لکھنؤ　　(2) دہلی

(3) فیض آباد　　(4) امروہہ

4. کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ

ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

مندرجہ بالا شعر کس کا ہے؟

(1) ولی　　(2) غالب

(3) مومن　　(4) حالی

5. کھیم داس، گوبندلال اور امرت لال کا ذکر کس شاعر کے یہاں ملتا ہے؟

(1) ملاوجہی　　(2) قلی قطب شاہ

(3) ولی　　(4) میر

6. 'ترکمان' کس شاعر کا تخلص ہے؟

(1) ابراہیم عادل شاہ　　(2) بہمن شاہ

(3) علی عادل شاہ　　(4) قلی قطب شاہ

7. مرزا غالب کے خطوط کا مجموعہ کونسا ہے؟

(1) غبار خاطر　　(2) عود ہندی

(3) یادیں　　(4) جام جم

.8 کون سی نظم اقبال کی نہیں ہے؟
(1) نالہ یتیم (2) ساقی نامہ
(3) شکوہ (4) گلزار وطن

.9 ''اقبال اردو شعر کہتے ہوئے غیر شعوری طور پر فارسی کی طرف راغب رہتے ہیں'' شیخ عبدالقادر نے اقبال کی کس کتاب کے دیباچے میں یہ کہا تھا؟
(1) ضرب کلیم (2) بال جبرئیل
(3) ارمغان حجاز (4) بانگ درا

.10 آہ پر آہ کھینچتا تھا میں      آج کی رات کچھ حساب نہ تھا
مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟
(1) میر (2) ولی
(3) حالی (4) اقبال

.11 ''ولی کے عہد میں ہندی کا اثر غالب تھا، ولی نے ہندی کے ضروری اور غیر ضروری عنصر میں امتیاز کیا'' کس کا قول ہے؟
(1) ظہیر الدین مدنی (2) جمیل جالبی
(3) نورالحسن ہاشمی (4) حامد حسن قادری

.12 آتش کے استاد کون تھے؟
(1) مولانا حسرت موہانی (2) میر حسن
(3) مصحفی (4) مرزا سودا

.13 میر کا انتقال کس سنہ میں ہوا؟
(1) 1799ء (2) 1810ء
(3) 1800ء (4) 1805ء

.14 ناسخ کا اصل نام کیا ہے؟
(1) مولا بخش (2) امام بخش
(3) الٰہی بخش (4) عبدالغفور

.15 درج ذیل میں سے کون سا افسانوی مجموعہ پریم چند کا نہیں ہے؟
(1) سوز وطن (2) آخری تحفہ
(3) واردات (4) گرہن

16. ''جب قطع کی مسافت شب آفتاب نے'' کس کا مرثیہ ہے؟

(1) جوش ملیح آبادی
(2) مرزا دبیر
(3) میر انیس
(4) سودا

17. ''چڑیوں کی الف لیلہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(1) کرشن چندر
(2) میر امن
(3) ملا وجہی
(4) میر

18. ''شیخ مخمور'' کا خالق کون ہے؟

(1) خواجہ احمد عباس
(2) پریم چند
(3) غلام عباس
(4) کرشن چندر

19. ہے ہے مرا پھول لے گیا کون     ہے ہے مجھے خار دے گیا کون

مندرجہ بالا شعر کس مثنوی کا ہے؟

(1) سحرالبیان
(2) گلزار نسیم
(3) زہر عشق
(4) قطب مشتری

20. ہر اک مقام سے آگے مقام ہے تیرا
حیات ذوق سفر کے سوا کچھ اور نہیں

مندرجہ بالا کس کا شعر ہے؟

(1) مصحفی
(2) اقبال
(3) حالی
(4) داغ

21. سرسید احمد خاں نے دہلی کی تاریخی عمارتوں کے بارے میں کس نام سے کتاب لکھی؟

(1) آثارالصنادید
(2) اسباب بغاوت ہند
(3) نقش دہلی
(4) مرقع دہلی

22. ''نئی بیوی، روشنی اور ستیہ گرہ'' کس کے افسانے ہیں؟

(1) پریم چند
(2) کرشن چندر
(3) راجندر سنگھ بیدی
(4) عصمت چغتائی

23. ''آئین قیصری'' کس کی کتاب ہے؟

(1) ذکاءاللہ (2) سرسید

(3) غالب (4) نذیر احمد

24. سرسید احمد خاں نے سائنٹفک سوسائٹی کہاں قائم کی؟

(1) علی گڑھ (2) دہلی

(3) غازی پور (4) مرادآباد

25. ''گلشن عشق'' کس کی مثنوی ہے؟

(1) شوقی (2) ابن نشاطی

(3) ہاشمی (4) نصرتی

26. ''مقدمہ تاریخ زبان اردو'' کس کی کتاب ہے؟

(1) محی الدین قادری (2) مسعود حسین خاں

(3) جمیل جالبی (4) شوکت سبزواری

27. میر تقی میر کا انتقال کہاں ہوا؟

(1) دہلی (2) آگرہ

(3) حیدرآباد (4) لکھنؤ

28. شمالی ہند کی پہلی داستان کسے کہا جاتا ہے؟

(1) نوطرز مرصع (2) قصہ مہرافروز و دلبر

(3) باغ و بہار (4) عجائب القصص

29. ''انگارے'' کیا ہے؟

(1) ناول (2) انشائیے

(3) افسانوں کا مجموعہ (4) شاعری

30. شاہی کے اردو دیوان میں کتنے قصیدے ہیں؟

(1) چھ (2) چار

(3) پانچ (4) سات

31. ''مرثیہء دہلی مرحوم'' کس کی نظم ہے؟

(1) محمد حسین آزاد (2) حالی

(3) غالب (4) شبلی

32. حیدربخش حیدری نے قصہ حاتم طائی کو فارسی سے اردو میں کس نام سے منتقل کیا؟

(1) طلسمات حاتم طائی (2) طوطا کہانی

(3) باغ و بہار (4) آرائش محفل

33. کتاب ''مقدمہ شعر و شاعری'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(1) پروفیسر سید عبداللہ (2) مولانا حالی

(3) عبدالرحمن بجنوری (4) مسعود حسن رضوی

34. ''طلسم خیال'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(1) پریم چند (2) الطاف حسین حالی

(3) کرشن چندر (4) نذیر احمد

35. اردو کا پہلا ناول نگار کسے کہا جاتا ہے؟

(1) رتن ناتھ سرشار (2) ڈپٹی نذیر احمد

(3) پریم چند (4) عصمت چغتائی

36. ''شیام'' کرشن چندر کے کس ناول کا کردار ہے؟

(1) جب کھیت جاگے (2) شکست

(3) آسمان روشن ہے (4) ایک گدھے کی سرگذشت

37. ترقی پسند ادبی تحریک کی پہلی کانفرنس کا صدارتی خطبہ کس نے دیا؟

(1) رابندرناتھ ٹیگور (2) سجاد ظہیر

(3) ملک راج آنند (4) پریم چند

38. ''اردو تنقید پر ایک نظر'' کس کی تصنیف ہے؟

(1) الطاف حسین حالی (2) محمد حسین آزاد

(3) کلیم الدین احمد (4) شبلی نعمانی

39. فورٹ ولیم کالج کب قائم ہوا ؟

(1) 1817ء (2) 1805ء

(3) 1800ء (4) 1795ء

40. جامعہ عثمانیہ کے لئے خلیفہ عبدالحکیم نے کس موضوع پر کتابیں ترجمہ کیں ؟

(1) ریاضی (2) طب

(3) تاریخ (4) فلسفہ

41. میر انیس کا انتقال کب ہوا ؟

(1) 1870ء (2) 1872ء

(3) 1874ء (4) 1869ء

42. ''مسدس حالی'' کا اصل نام کیا ہے؟

(1) مدوجذر اسلام (2) اصلاح قوم

(3) اسلام کی باتیں (4) اسلام کا عروج وزوال

43. غالب نے پنشن کے لئے کس شہر کا سفر کیا ؟

(1) آگرہ (2) حیدرآباد

(3) لاہور (4) کلکتہ

44. میر تقی میر نے اردو شعراء کا ایک تذکرہ مرتب کیا تھا، اس تذکرہ کا نام کیا ہے؟

(1) گلشن ہند (2) نکات الشعرا

(3) طبقات الشعرا (4) گلشن بے خار

45. ''پروفیسر دان ناتھ'' پریم چند کے کس ناول کا کردار ہے؟

(1) میدان عمل (2) بیوہ

(3) چوگان ہستی (4) گوشۂ عافیت

46. ''مجالس النسا'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(1) نذیر احمد (2) حالی

(3) محمد حسین آزاد (4) قلی قطب شاہ

47. ''جامن کا پیڑ'' کس کا افسانہ ہے؟

(1) پریم چند
(2) خواجہ احمد عباس
(3) جیلانی بانو
(4) کرشن چندر

48. سرسید کی پہلی تصنیف کون سی ہے؟

(1) آثار الصنادید
(2) جام جم
(3) اسباب بغاوت ہند
(4) تاریخ بجنور

49. ''محمد قلی قطب شاہ کی شاعری ہندوانہ رنگ میں رنگی ہوئی ہے۔'' یہ کس کا قول ہے؟

(1) جمیل جالبی
(2) محی الدین قادری زور
(3) محمد حسین آزاد
(4) الطاف حسین حالی

50. ''غزل'' کس ترقی پسند شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

(1) علی سردار جعفری
(2) اختر الایمان
(3) فیض
(4) مجروح سلطان پوری

51. اردو کا تعلق کس گروہ سے ہے؟

(1) دراوڑی
(2) دکنی
(3) ہندآریائی
(4) کون کنی

52. ''اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے۔'' یہ کس کا قول ہے؟

(1) محمود شیرانی
(2) محمد حسین آزاد
(3) مسعود حسین خان
(4) سید سلیمان ندوی

53. سرسید کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(1) لکھنؤ
(2) دہلی
(3) بجنور
(4) علی گڑھ

54. شیخ احمد کی مثنوی کا نام کیا ہے؟

(1) قصہ بے نظیر
(2) شعلہ عشق
(3) یوسف زلیخا
(4) علی نامہ

55. فرزند پیمبر کا مدینہ کا سفر ہے سادات کی بستی کے اجڑنے کی خبر ہے
مندرجہ بالا کس کا مرثیہ ہے؟

(1) دبیر (2) انیس
(3) ضمیر (4) سودا

56. اقبال نے اپنی پہلی نظم ''نالہء یتیم'' کس انجمن میں سنائی تھی ؟

(1) انجمن ترقی اُردو (2) انجمن لکھنؤ
(3) ترقی پسند انجمن (4) انجمن حمایت اسلام

57. 'مسجد قرطبہ' کس مجموعہ میں ہے؟

(1) ضرب کلیم (2) بال جبرئیل
(3) ارمغان حجاز (4) بانگ درا

58. ملا وجہی کی مثنوی کونسی ہے؟

(1) سحرالبیان (2) قطب مشتری
(3) کدم راؤ پدم راؤ (4) پھول بن

59. طوائف عیش بائی کا ذکر کس مثنوی میں شامل ہے؟

(1) گلزارنسیم (2) سحرالبیان
(3) گلشن عشق (4) قطب مشتری

60. مصحفی کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(1) دہلی (2) آگرہ
(3) لکھنؤ (4) اکبرپور

61. ریختی کا موجد کسے کہا جاتا ہے؟

(1) ہاشمی (2) شاہی
(3) نصرتی (4) غواصی

62. 'مادھونل کام کنڈلا'' کس کی کتاب ہے؟

(1) نظامی (2) مظہر علی خاں دلا
(3) بینی نرائن (4) للولال جی

63. ترقی پسند تحریک کی دوسری کل ہند کانفرنس کس شہر میں ہوئی ؟

(1) کلکتہ (2) دہلی

(3) علی گڑھ (4) لکھنؤ

64. اقبال کے کس مجموعہ میں اردو اور فارسی کلام شامل ہے؟

(1) بانگ درا (2) بال جبرئیل

(3) ارمغان حجاز (4) ضرب کلیم

65. درج ذیل میں سے کون سا افسانہ نگار ترقی پسند انجمن سے تعلق نہیں رکھتا ؟

(1) سجاد ظہیر (2) کرشن چندر

(3) راجندر سنگھ بیدی (4) راشد الخیری

66. ''والدہ مرحومہ کی یاد میں'' کس کا مرثیہ ہے؟

(1) جوش ملیح آبادی (2) اقبال

(3) حالی (4) انیس

67. ''فکر اقبال'' کس کی تصنیف ہے؟

(1) خلیفہ عبدالحکیم (2) کلیم الدین احمد

(3) اسلوب احمد انصاری (4) جگن ناتھ آزاد

68. ''نالہء فراق'' کس کی نظم ہے؟

(1) فراق گورکھپوری (2) مخدوم

(3) اختر الایمان (4) اقبال

69. سررشتہ تالیف و ترجمہ کا پہلا ناظم کون تھا ؟

(1) مولوی احمد محی الدین (2) مولوی عبدالحق

(3) عنایت اللہ دہلوی (4) محمد الیاس برنی

70. 'مرزا ظاہر دار بیگ' کس کتاب کا کردار ہے؟

(1) فسانہء آزاد (2) بوستان خیال

(3) توبتہ النصوح (4) امراؤ جان ادا

71. ''چراغ دیر'' کس کی مثنوی ہے؟

(1) ولی
(2) غالب
(3) میر
(4) حالی

72. شیخ ابراہیم ذوق کے استاد کا نام کیا ہے؟

(1) شاہ حاتم
(2) بیدل
(3) شاہ نصیر
(4) خواجہ میر درد

73. 'طلوع اسلام' کس کی نظم ہے؟

(1) اقبال
(2) مومن
(3) حالی
(4) اکبر

74. ان میں سے کونسا شاعر اپنے عہد میں ایہام گوئی میں امام کا درجہ رکھتا تھا؟

(1) میر تقی میر
(2) خواجہ میر درد
(3) شاہ حاتم
(4) میر حسن

75. ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب ٹھیرتی ہے دیکھئے جا کر نظر کہاں
مندرجہ بالا کس کا شعر ہے؟

(1) حالی
(2) اقبال
(3) غالب
(4) میر

76. اقبال نے ڈاکٹریٹ کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟

(1) لندن
(2) لاہور
(3) جرمنی
(4) اسپین

77. غالب کو کون سا خطاب ملا؟

(1) نجم الدولہ دبیر الملک
(2) دبیر الملک
(3) لسان العصر
(4) سر

78. پھر چراغ لالہ سے روشن ہوئے کوہ و دمن
مجھ کو پھر نغموں پہ اکسانے لگا مرغ چمن
مندرجہ بالا کس کا شعر ہے؟
(1) غالب (2) اقبال
(3) میر (4) انیس

79. ''باغ و بہار'' پہلی بار کب شائع ہوئی ؟
(1) 1805ء (2) 1800ء
(3) 1801ء (4) 1803ء

80. ناول 'شکست' کے ناول نگار کا نام کیا ہے؟
(1) ممتاز مفتی (2) قاضی عبدالستار
(3) کرشن چندر (4) منٹو

81. غالب نے سرسید کی کس کتاب پر تقریظ لکھی ؟
(1) آثار الصنادید (2) اسباب بغاوت ہند
(3) آئین اکبری (4) تاریخ ضلع بجنور

82. جامعہ عثمانیہ کے لئے ڈاکٹر یوسف حسین خاں نے کونسی کتاب ترجمہ کی؟
(1) مبادی عمرانیات (2) نظریہء سلطنت
(3) تاریخ اسلام (4) تاریخ سیاسیات

83. شعرالعجم کا مصنف کون ہے؟
(1) شبلی (2) عبدالسلام ندوی
(3) عبدالرحمن بجنوری (4) سلیمان ندوی

84. کس شاعر کا تعلق جامعہ عثمانیہ سے رہا ہے؟
(1) علامہ اقبال (2) داغ
(3) جوش ملیح آبادی (4) فانی بدایونی

85. ''تہذیب الاخلاق'' کس نے جاری کیا تھا ؟
(1) مولانا حسرت موہانی (2) شبلی نعمانی
(3) محمد حسین آزاد (4) سرسید

86. ''تضحیک روزگار'' کس کا قصیدہ ہے؟

(1) مصحفی
(2) سودا
(3) ذوق
(4) غالب

87. ''دلی کا دبستان شاعری'' کس کی تصنیف ہے؟

(1) ابواللیث صدیقی
(2) کلیم الدین احمد
(3) نورالحسن ہاشمی
(4) آل احمد سرور

88. ''آرائش محفل'' کس کی کتاب ہے؟

(1) حالی
(2) سرسید
(3) حیدر بخش حیدر
(4) لطف علی

89. ''کربلا'' ڈرامہ کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(1) غلام عباس
(2) آغا حشر کاشمیری
(3) پریم چند
(4) سردار جعفری

90. خواجہ میر درد کا انتقال کب ہوا؟

(1) 1780ء
(2) 1790ء
(3) 1795ء
(4) 1785ء

91. ہمارا سجن خوش نظر باز ہے     تو اس دل میں عشق کا راز ہے

مندرجہ بالا شعر کس کا ہے؟

(1) ولی
(2) قلی قطب شاہ
(3) میر
(4) غالب

92. ''مذہب عشق'' کس کی لکھی ہوئی داستان ہے؟

(1) میرامن
(2) نہال چندر لاہوری
(3) للولال جی
(4) شیر علی افسوس

93. ڈپٹی نذیر احمد کو کون سا خطاب ملا؟

(1) نجم الدولہ
(2) دبیر الملک
(3) لسان العصر
(4) شمس العلماء

94. اردو کی پہلی داستان کا نام کیا ہے؟

(1) نوطرز مرصع (2) قصہ مہر افروز و دلبر

(3) سب رس (4) عجائب القصص

95. ''مسافران لندن'' کس کا سفرنامہ ہے؟

(1) سرشار (2) سرسید

(3) شرر (4) شبلی

96. لکھنو میں شاعری میں معاملہ بندی کے لئے کون سب سے زیادہ مشہور ہوا؟

مندرجہ بالا کس شاعر کا شعر ہے؟

(1) انشا (2) مصحفی

(3) جرات (4) ناسخ

97. ''حیات جاوید'' کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(1) تنقید (2) تذکرہ

(3) مکتوب (4) سوانح

98. جامعہ عثمانیہ کا قیام کب ہوا؟

(1) 1910ء (2) 1918ء

(3) 1922ء (4) 1920ء

99. ''گور کس دل جلے کی ہے یہ فلک'' مصرع ثانی ملا کر شعر مکمل کیجئے:

(1) یہ دھواں سا کہاں سے اٹھتا ہے (2) شعلہ ہر صبح یہاں سے اٹھتا ہے

(3) شور اک آسماں سے اٹھتا ہے (4) ایک آشوب واں سے اٹھتا ہے

100. یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے

مندرجہ بالا کس کا شعر ہے؟

(1) میر (2) درد

(3) آتش (4) غالب

**Space for Rough Work**

**Space for Rough Work**